پاپائی کونسل

برائے بین المذاہب مکالمہ

مسیحی اور مسلم

عبادت گاہوں کے باہمی محافظ

ماہ رمضان اور عیدالفطر کے موقع پر خصوصی پیغام

1441 H. / 2020 A.D.

ویٹیکن سٹی

پیارے مسلم بھائیو اور بہنو،

اسلام میں ماہِ رمضان بنیادی اہمیت کا حامل ہے اسی لئے شخصی، خاندانی اور معاشرتی سطح پر آپ سب کو بہت عزیز ہے۔ یہ روحانی شفا، غریبوں کے ساتھ شراکت میں بڑھنے، عزیز و اقارب اور دوستوں کے ساتھ روابط کو مستحکم کرنے کے ایّام ہیں۔

آپ کے مسیحی دوست اور بھائی ہونے کے ناطے آپ کو مبارکباد دینا، ملنا، اور افطار میں شراکت کرنا، آپکے ساتھ اپنے تعلقات کو مزید مستحکم کرنے کا ایک نادر موقع ہے۔ لہٰذا رمضان اور عید الفطر مسیحی اور مسلم بھائی چارے کو فروغ دینے کا مناسب وقت ہے۔ اِسی روحانی جذبہ کے ساتھ پاپائی کونسل برائے بین المذاہب مکالمہ دلِ کی گہرائیوں سے آپ سب کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے نیک خواہشات کا اظہار کرتی ہے۔

اس سال میسیحیت کی انمول روایت کو مدِ نظر رکھتے ہوئے ہم آپ کے ساتھ عبادت گاہوں کے تحفُظ سے متعلق اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہیں۔

ہم سب جانتے ہیں میسیحیت اور اسلام کے علاوہ دُنیا کے دیگر مذاہب میں بھی عبادت گاہیں نہائت ہی اہم مقام رکھتی ہیں۔ میسیحیوں اور مسلمانوں کیلئے گرجا گھر اور مساجد انفرادی اور اجتماعی عبادات کے لئے مخصُوص مقامات ہیں۔ ان کی تعمیر اور آرائش اس انداز میں کی جاتی ہے کہ مومنین دھیان و گیان اور خاموشی اختیار کر سکیں۔ جہاں عبادت گزار دِل کی گہرائیوں سے خُدا کے فضائل کا تجربہ کرتے ہیں۔ کسی بھی مذہب کی عبادت گاہ دعا کا گھر ہوتی ہے (اشعیا 56:7)۔

عبادت گاہیں روحانی مہمان نوازی کیلئے مخصُوص جگہیں بھی ہوتی ہیں جہاں دیگر مذاہب کے ماننے والے ایک دوسرے کی خصُوصی تقریبات یعنی نِکاح، نمازِ جنازہ اور دیگر برادرانہ اجتماعات میں شامِل ہوتے ہیں۔ اِن اجتماعات میں خاموشی اور مذہبی عقیدت کے ساتھ شراکت کے علاوہ شرکاء پیش کی جانے والی مہمان نوازی سے بھی لُطف اندوز ہوتے ہیں جِن کا اُن کے عقائد کے ساتھ گہرا تعلق ہے۔ یہ عمل، انکی انفرادیت کی نفی کیئے بغیر مومنین کے شاندار اتحاد کی گواہی ہے۔

اس حوالے سے پاپائے اعظم پوپ فرانسس کو یاد کرنا قابل فخر ہے۔ اُنہوں نے باکُو (آذربائیجان) 2 اکتوبر 2016 کو حیدر علیو مسجد کا دورہ کیا، اُنہوں نے اس دورہ کے دوران اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا

کہ "اس عبادت گاہ میں برادرانہ دوستی کے جذبہ کے ساتھ ایک دوسرے سے ملنا ایک بھرپور علامت ہے جو اُس ہم آہنگی کو اُجاگر کرتا ہے جسے دُنیا کے تمام مذاہب باہمی اتحاد سے فروغ دے سکتے ہیں۔ جس کی بنیاد ذاتی تعلقات اور ذمہ داران کی خیر سگالی پر ہے۔"

حالیہ دنوں میں گرجا گھروں ، مساجد اور یہودی عبادت گاہوں پر شرپسندوں کے حملے اُن کی اندھی اور بے حِس انتہاپسندی کو ظاہر کرتے ہیں۔ اس حوالے سے " عالمی امن اور اِکٹھے رہنے کے لئے اِنسانی بھائی چارے کی دستاویز" ایک قابلِ غور دستاویز ہے جس پر پوپ فرانسس اور الاظہر کے امامِ اعظم ڈاکٹر احمد الطیّب نے ابوظہبی میں 4 فروری 2019 کو دستخط کئے۔ اس دستاویز کے مطابق "تمام مذاہب، انسانی اقدار، قوانین اور بین الاقوامی معاہدے عبادت گاہوں کے تحفظ کے ضامن ہیں جن میں مساجد، گرجا گھر، اور یہودی عبادت خانے شامِل ہیں۔ عبادت گاہوں پر حملہ آور ہونے کی کوشش یا حملہ کرنے کی دھمکی دینا، بم دھماکوں یا دیگر ہتھیاروں سے تباہ کرنا مذہبی تعلیمات سے انحراف اور بین الاقوامی قوانین کی خلاف ورزی ہے۔"

عالمی برادری کی جانب سے مختلف سطحوں پر عبادت گاہوں کے تحفظ کی کوششوں کو سراہتے ہوئے ہمیں اُمید ہے کہ تمام مذاہب کے لئے ہمارا باہمی عزت و احترام اور تعاون، مخلص دوستی کے بندھن کو مستحکم کرنے اور ہماری برادریوں کی عبادت گاہوں کے تحفظ کو یقینی بنائے گا۔ یہ اقدام ہماری آنے والی نسلوں کو اپنے عقائد کے مطابق بنیادی آزادی سے زندگی بسر کرنے کے لئے ضامن ہونگے۔

تجدیدِ احترام کے ساتھ پاپائی کونسل برائے بین المذاہب مکالمہ بھرپور برادرانہ دوستانہ تسلیمات اور نیک خواہشات کے ساتھ آپ سب کو پھلدار ماہِ رمضان اور عیدالفطر کی خوشیوں کی مبارکباد پیش کرتے ہیں۔

وٹیکن، 17 اپریل 2020

میگوئیل اینجل کارڈینل ایوسو گوئیوسوت، ایم سی سی جے

صدر

تقدس مآب رانڈ ونیل کوڈھیٹو واکوجانا کراتنے لنکانا مالاگے

سیکریٹری

پاپائی کونسل
برائے بین المذاہب مکالمہ
00120 ویٹیکن سٹی
ٹیلیفون: +39 06 6988 4321
فیکس: +39 06 6988 4494
ای میل: dialogo@interrel.va
http://www.pcinterreligious.org